ABC CERTIFIED

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DAILY ETTELAAT KARACHI

روزنامہ اطلاعات کراچی

بانی سید زاہد سلطانہ

چیف ایڈیٹر طاہر ملک

ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

جلد نمبر: 27 | 20 محرم 1448 ہجری | 06 جولائی 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 103


# ووٹ کی طاقت ہمیشہ گولی کی طاقت پر غالب رہے گی، بلاول بھٹو

شہید بھٹو نے آمریت کے سامنے سر نہیں جھکایا، جب بھی آئین یا عوام کے مینڈیٹ کو خطرہ لاحق ہوگا پیپلز پارٹی جمہوریت کے دفاع کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، بیان

جنرل ضیاالحق کی آمریت صرف قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کی منتخب حکومت کا تختہ الٹنے تک محدود نہیں تھی بلکہ یہ عوام کے اپنے مستقبل کا فیصلہ ووٹ کی طاقت سے کرنے کے بنیادی حق پر حملہ تھا

کراچی (اطلاعات رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ 5 جولائی 1977 کو پاکستان کی جمہوری تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، جب آمر جنرل ضیاالحق نے آئین کو پامال کیا، جمہوریت کو آمریت کی زنجیروں میں جکڑ دیا، بلاول ہاؤس میڈیا سیل کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سانحہ 5 جولائی کے 49 برس مکمل ہونے کے موقع پر اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ جنرل ضیاالحق کی آمریت صرف ایک محدود نہیں تھی بلکہ یہ عوام کے اپنے مستقبل کا فیصلہ ووٹ کی طاقت سے کرنے کے بنیادی حق پر حملہ تھا۔

**شہید امام کے مشن کو جاری رکھوں گا، مسعود پزشکیان کا عزم**

شہید امام کے افکار و اہداف کی تکمیل کیلئے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں گے

تہران (نائبٹک ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے شہید رہبر معظم آیت اللہ علی خامنہ ای کے مشن کو جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام سے کیا گیا وعدہ پورا کرنا ہمارا فرض ہے۔

**یمن کے قریب بحیرہ احمر میں مال بردار جہاز پر نامعلوم مسلح افراد کا حملہ**

صنعاء (نائبٹک ڈیسک) یمن کے ساحل کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

**ایران اور قطر کے درمیان بحری تجارت 5 ماہ بعد بحال**

دونوں ممالک کا خلیج میں جنگ سے پہلے والی بحری تجارتی سرگرمیاں بحال کرنے کا فیصلہ

دوحہ (ویب ڈیسک) ایران کے دوحہ میں تعینات کرنل ابتاجی عباس عبوطالبی کے مطابق 5 ماہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

# مشترکہ حکومت کی ناقص کارکردگی

# ملک بھر میں آٹے کا بحران

## 20 کلو آٹے کی قیمت 2900 تک پہنچ گئی

کراچی کے شہری ملک میں سب سے زیادہ مہنگا آٹا خرید رہے ہیں، اسلام آباد، کوئٹہ اور خضدار میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 2800 روپے تک پہنچ گئی

لاہور میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 2250 روپے تک اور سرگودھا میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 2240 روپے تک ہے، ادارہ شماریات کی دستاویز

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) ادارہ شماریات کی دستاویز کے مطابق ملک میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی زیادہ سے زیادہ قیمت 2900 روپے تک گئی اور کراچی کے شہری ملک میں سب سے زیادہ مہنگا آٹا خرید رہے ہیں، ادارہ شماریات کے مطابق کراچی میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 2900 روپے تک

کوئٹہ کے تھیلے کی قیمت 2750 روپے تک گئی اور خضدار میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 2600 روپے تک پہنچ چکی ہے، اسلام آباد، کوئٹہ اور خضدار میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 2800 روپے تک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، احسن اقبال اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

# 1 لیٹر پیٹرول پر 76 روپے لیوی اور ٹیکس وصولی کا انکشاف

ایک لیٹر پیٹرول کی لاگت 178 روپے 77 پیسے، حکومت نے فی لیٹر قیمت 297 روپے 53 پیسے مقرر کی ہے

ایک لیٹر ہائی اسپیڈ ڈیزل پر 65.110 روپے لیوی، ٹیکس اور مارجنز وصول کیے جا رہے ہیں، تفصیلات سامنے آگئی

کراچی (اطلاعات رپورٹر) پیٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمتوں میں شامل لیوی، ٹیکس اور لاگت مارجنز کی تفصیلات سامنے آگئیں، رپورٹ کے مطابق ایک لیٹر پیٹرول پر جملہ طور پر 76.118 روپے تک ٹیکس لیوی اور مارجنز وصول کیے جا رہے ہیں، ذرائع کے مطابق ایک لیٹر پیٹرول کی خریداری کی لاگت 178 روپے 77 پیسے تک ہے جبکہ حکومت نے شہریوں کے لیے فی لیٹر 297 روپے 53 پیسے مقرر کی ہے، پیٹرول پر 70 روپے 36 پیسے پیٹرولیم لیوی، 9 روپے 64 پیسے سوشل ویلفیئر لیوی، 19 روپے 33 پیسے سٹریٹ ڈیلر، 6 روپے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29

ہائی اسپیڈ ڈیزل پر 110 روپے 65 پیسے لیوی، ٹیکس اور مارجنز وصول کیے جا رہے ہیں۔ وضاحت کے مطابق ایک لیٹر ڈیزل کی خریداری کی لاگت 178 روپے 77 پیسے تک ہے جبکہ حکومت نے شہریوں کے لیے فی لیٹر قیمت 297 روپے 53 پیسے مقرر کی ہے، ڈیزل پر 110 روپے 65 پیسے لیوی، 9 روپے 64 پیسے سوشل ویلفیئر لیوی، 19 روپے 33 پیسے سٹریٹ ڈیلر، 6

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30

# 11 جولائی ایران امریکا مذاکرات کا اگلا دور پاکستان میں شروع ہوگا

سعودی میڈیا

یہ دور ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی تجہیز و تکفین کی تکمیل کے بعد شروع کیا جائے گا، جس میں دونوں ممالک کے درمیان اہم معاملات پر بات چیت متوقع ہے

مذاکرات کے دوران ایران پر عائد پابندیوں، ایران کے منجمد اثاثوں کی بحالی اور ایرانی جوہری پروگرام سمیت متعدد اہم امور زیر غور آئیں گے، رپورٹ جاری

کراچی (ویب ڈیسک) سعودی میڈیا کی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات کا اگلا دور 11 جولائی کو پاکستان کی ثالثی میں شروع ہونے کا امکان ہے، جس میں دونوں ممالک کے درمیان اہم معاملات پر بات چیت متوقع ہے، رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مذاکرات کے دوران ایران پر عائد پابندیوں، ایران کے منجمد اثاثوں کی بحالی اور ایرانی جوہری پروگرام سمیت متعدد اہم امور زیر غور آئیں گے، امریکی حکام کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان اہم معاملات پر بات چیت ہوگی، رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مذاکرات کے دوران ایران پر عائد پابندیوں، ایران کے منجمد اثاثوں کی بحالی اور ایرانی جوہری پروگرام سمیت متعدد اہم امور زیر غور آئیں گے، امریکی حکام کے مطابق ایران اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32

# صدر اور وزیر اعظم کا شہید کرنل شیر خان کو خراج عقیدت

پاکستان کے شہداء ہمارا قومی سرمایہ ہیں، ان کی قربانیوں کو ہمیشہ قدر و احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا، صدر مملکت آصف علی زرداری

کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی عظیم قربانی یادداشتی طور پر ہمارے شہداء کے مقدس خون کی مرہون منت ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (نیوز رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم نے کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی 27 ویں برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے پیغام میں صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ کیپٹن کرنل شیر خان شہید کی لازوال قربانی ہمیشہ زندہ رہے گی، پاکستان کے شہداء ہمارا قومی سرمایہ ہیں، ان کی قربانیوں کو ہمیشہ قدر و احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا، انہیں کسی کا کردار قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کی مرہون ہے، ایسی قربانیوں نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا، کرنل شیر خان شہید نشان حیدر کی بیوہ اور وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے کیا جانے والا اعلان قابل تحسین ہے، ان کی قربانیوں کو ہمیشہ قدر و احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا، انہیں کسی کا کردار قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کی مرہون ہے، ایسی قربانیوں نے پاکستان کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا، کرنل شیر خان شہید نشان حیدر کی بیوہ اور وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے کیا جانے والا اعلان قابل تحسین ہے، ان کی قربانیوں کو ہمیشہ قدر و احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا، انہیں کسی کا کردار قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کی مرہون ہے، ایسی قربانیوں نے پاکستان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31

# 5 جولائی یوم سیاہ

# شرجیل میمن کا جمہوریت کے تحفظ کا عزم کا اعادہ

5 جولائی کا غیر جمہوری اقدام جمہوری اداروں، آئین اور عوامی مینڈیٹ کے خلاف تھا، یوم سیاہ پر پیغام

پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ آئین، جمہوریت اور عوامی حقوق کی علمبردار رہی ہے، سینئر صوبائی وزیر کا پیغام

کراچی (اطلاعات رپورٹر) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے 5 جولائی 1977 کو پاکستان کی تاریخ کا سیاہ ترین دن قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس روز عوام کے حق حکمرانی پر شب خون مارا گیا، جس کے نتائج آج تک ملک اور قوم بھگت رہے ہیں، سینئر صوبائی وزیر کا پیغام میں کہنا تھا کہ 5 جولائی کا غیر جمہوری اقدام جمہوری اداروں، آئین اور عوامی مینڈیٹ کے خلاف تھا، آئین کا دفاع آج بھی پیپلز پارٹی کا بنیادی مقصد ہے، ہم ہمیشہ آئین کی بالادستی، جمہوری تسلسل اور عوام کے حق رائے دہی کے تحفظ کے عزم کو دہراتے رہیں گے، شرجیل انعام میمن نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کی قربانیاں جمہوری اقدام، آئین اور عوامی حقوق کے لیے جدوجہد کا تسلسل ہیں، ہم اپنے اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ




ABC CERTIFIED
آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
سے پاک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سید زاہد سلطان
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

## معصوم جانوں کا المیہ اور ناکام نظام

لاہور کے علاقے کاہنہ میں نیوٹن سینٹری کی چھت گرنے سے 14 معصوم بچوں کی المناک ہلاکت نے پوری قوم کو غم و اندوہ میں مبتلا کر دیا ہے، اس سانحے کی سنگین صرف یہ نہیں کہ قیمتی جانیں ضائع ہوئیں، بلکہ اس سے کہیں زیادہ افسوس ناک حقیقت یہ ہے کہ یہ المیہ جہاں انتہائی غفلت، لاپروائی، لاعلمی اور شعور کا شاخسانہ ہے وہاں فرسودہ اور ناکارہ انتظامی نظام اور شہری اداروں کی تباہی کا نوحہ بھی ہے۔ اداروں کے پاس سلیبس بنانے اور تکنیکی کاغذ کا جدید سامان موجود ہے تو تربیت یافتہ فائر مین ہیں۔ سرکیں ٹوٹی ہوئی ہیں، جہاں گڑھے پڑ گیا، اسے بھرنے والا کوئی نہیں، کیچی آگ لگ جائے تو بجھانے والا کوئی نہیں، فائر بریگیڈ صرف نام کا محکمہ ہے، عمارت گر جائے تو ملبے تلے دبے ہوئے لوگوں کو بروقت نکالنے کے لیے مشینیں اور ضروری آلات نہیں ہیں اور نہ چاک و چوبند عملہ موجود ہے۔ البتہ عملے موجود ہیں، افسر کئی ہیں، ماتحت افسر، بیسیوں کلرک، چپراسی تک موجود ہیں، لیکن کام صفر برابر نظر آتا ہے۔ کاہنہ کے اس دل شکن سانحے نے ہر حساس انسان کے دل کو زخمی کیا ہے۔ معصوم بچوں کے جنازے اٹھتے ہوئے دیکھ کر شاید ہی کوئی آنکھ ایسی ہو جو نم نہ ہوئی ہو۔ یہ امر کسی سے پوشیدہ نہیں کہ پاکستان میں ہر بڑے سانحے کے بعد ایک مخصوص سرکاری طرز عمل اختیار کیا جاتا ہے۔ پہلے مرحلے میں افسوس اور تعزیت کے بیانات جاری ہوتے ہیں، مالی امداد کا اعلان کیا جاتا ہے، ساتھ ہی تحقیقاتی کمیٹی قائم کرنے کا اعلان کیا جاتا ہے، چند گرفتاریاں عمل میں آتی ہیں اور یہ تاثر دیا جاتا ہے کہ حکومت اور نظام پوری سنجیدگی کے ساتھ معاملے کا جائزہ لے رہا ہے، مگر جیسے ہی چند روز گزرتے ہیں، عوامی قوت کے سنے واقعے کی جانب منڈیل ہو جاتی ہے، تحقیقات کی رفتار سست پڑ جاتی ہے، اور اسے ایک دوسرے پر ذمے داری عائد کرنے لگتے ہیں اور بالآخر معاملہ وقت کی گرد میں گم ہو جاتا ہے۔ اس سانحے نے ایک مرتبہ پھر یہ حقیقت آشکار کر دی ہے کہ ہمارے ہاں سرکاری اداروں کے فیصلہ سازوں کے احتساب کا تصور ابھی تک عملی شکل اختیار نہیں کر سکا۔ ایک محکمہ دوسرے محکمے پر ذمے داری ڈال دیتا ہے، دوسرا تیسرے کو موردِ الزام ٹھہراتا ہے اور آخر کار کسی ایک فرد کو قربانی کا بکرا بنا کر پورے نظام کو بری الذمہ قرار دینے کی کوشش کی جاتی ہے۔ یہی وہ رویہ ہے جس نے ریاستی و سرکاری اداروں پر عوام کے اعتماد کو مسلسل کمزور کیا ہے۔ احتساب اس وقت موثر ہوتا ہے جب ذمے داری کا تعین شخصیات کے بجائے نظام کی سطح پر کیا جائے، غفلت کے ہر پہلو کا جائزہ لیا جائے اور قانون کی عملداری میں کسی قسم کی مصلحت کو جگہ نہ دی جائے۔ پاکستان میں تعمیراتی قوانین اور حفاظتی ضابطوں کی خلاف ورزی ایک معمول بنتی جا رہی ہے۔ غیر قانونی تعمیرات، ناقص تعمیراتی میٹریل، غیر منظوری کے اضافی منزلیں، حفاظتی اصولوں سے انحراف ایک چلتا ہوا رواج بن چکا ہے۔

## ٹیکس نظام میں مساوات ہی معاشی استحکام کی بنیاد

تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

پاکستان میں ہر سال بجٹ پیش کیا جاتا ہے، مگر اکثر یہ سوال اپنی جگہ قرار رہتا ہے کہ کیا اس کے ثمرات عام شہری تک پہنچتے ہیں؟ حقیقت یہ ہے کہ تنخواہ، صحت، روزگار اور سماجی بہبود جیسے شعبے کسی منظم حکمت عملی کے تحت ترجیح نہیں پاتے، جبکہ ٹیکس وصول کرنے کا نظام زیادہ تر عوام کی طاقت سے بڑھا کر محدود آمدنی والے طبقے پر ڈالا جاتا ہے جو پہلے ہی محدود وسائل میں زندگی گزار رہے ہیں۔ تنخواہ دار افراد اپنی آمدنی کا ایک بڑا حصہ براہِ راست ٹیکس کٹوتی کی صورت میں ادا کرتے ہیں، جبکہ بعض کاروباری طبقے ٹیکس نیٹ سے باہر رہتے ہیں۔ اس صورتحال سے نہ صرف ٹیکس نظام میں عدم مساوات پیدا ہوتی ہے بلکہ وسائل کی تقسیم میں بھی نمایاں رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں۔ سرکاری اسکول، سرکاری اسپتال اور بنیادی سہولیات کا معیار اگر بہتر ہو تو اس کا فائدہ براہِ راست اسی طبقے کو پہنچتا ہے جو ٹیکس کا بوجھ اٹھاتا ہے۔ دنیا کے کئی ممالک نے جدید انکم ٹیکس نظام، ڈیجیٹل ٹریکنگ اور شفاف آڈٹ کے ذریعے ٹیکس چوری کو کافی حد تک کم کیا ہے۔ ہمارے ہاں بھی اگر ٹیکس نظام کو آسان، شفاف اور منصفانہ بنایا جائے تو ریاست کی آمدنی بڑھنے کے ساتھ ساتھ عوام کو براہِ راست ریلیف ملنے کا امکان پیدا ہو سکتا ہے۔ ٹیکس کا مقصد ریاست کو مضبوط بنانا ہے، مگر اس کا بوجھ اگر کمزور طبقے پر ڈالا جائے تو یہ مقصد ہی کمزور پڑ جاتا ہے۔ ٹیکس نظام میں مساوات کا مطلب یہ نہیں کہ سب پر یکساں شرح عائد کی جائے، بلکہ یہ ہے کہ ہر شہری اپنی استطاعت کے مطابق ریاست کو اپنا حصہ دے اور ریاست اس حصے کو تعلیم، صحت، روزگار، صنعت اور سماجی تحفظ پر زیادہ سرمایہ کاری کرنے پر مجبور ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ ٹیکس چوری کے خلاف سخت کارروائی اور ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ایمانداری سے ٹیکس دینے والے شہری خود کو نقصان میں محسوس نہ کریں۔ جب ٹیکس نظام شفاف ہوگا، ادائیگی آسان ہوگی اور شہری یہ محسوس کریں گے کہ ان کا پیسہ ضائع نہیں ہو رہا بلکہ کسی ٹھوس مقصد پر خرچ ہو رہا ہے تو اعتماد بڑھے گا اور ریاست اور شہری کے درمیان فاصلہ کم ہوگا۔ یہی وہ نکتہ ہے جس پر ریاست کو سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے۔ ٹیکس نظام کو سزا کا ذریعہ بنانے کے بجائے اسے شہری کی خدمت کا ذریعہ بنانا ہی اصل اصلاح ہوگی۔

## تاحشر تیری دید کو ترسیں گی نگاہیں" آیت اللہ رہبر معظم سید علی خامنہ ای

تحریر: جاوید علی

04 جولائی 2026 کو مسلم امہ مجتبیٰ علی پر ہی دنیا کے سامنے سنگین بن کر پیش ہوا ہے، ایک ایسا دشمن جنہوں نے اللہ کا ہر کام ہی اس نے پوری زندگی کا مشن بنا رکھا ہوا ہے جس نے پوری زندگی کا مقصد ہی

**اطلاعات** **01**

بتاریخ سے صدر عدالت، جنہیں اس شخصیت نے نوجوان صحافیوں کے بیچ بھی، رہنمائی اور حوصلہ افزائی کا رول ادا کیا ہے۔

**اطلاعات** **02**

کراچی اور ان کی درخواست پر ڈویژن بنچ کا فیصلہ سنایا گیا ہے۔ درخواست گزار کے مطابق ان کے ہم معاہد والد محمد الرحیم خوری نے سال 2016 میں مذکورہ مکان خریدا تھا، جس کے مالکان کے وارثین کے انتقال کے بعد تکاوی جانشینی کے حوالے سے تنازعہ ہوا تھا کیونکہ ہر فریق کا دعویٰ ہے ان کا ہی وارث قانونی طور پر مکان کا مالک ہے۔ ان کے والد کے انتقال کے بعد ان کی والدہ کی طرف سے ایک وکیل نے ایک تکاوی کا دعویٰ کیا تھا، جبکہ اس کی تکاوی کا دعویٰ بھی پورا نہیں کیا گیا۔ سماعت کے بعد ڈسٹرکٹ سیشن جج ملیر نے تکاوی کا دعویٰ مسترد کر دیا تھا۔ اس کے بعد درخواست گزار نے ہائیکورٹ میں اپیل دائر کی تھی۔ اس کے بعد ہائیکورٹ نے اپنے فیصلے میں کہا کہ تکاوی کا دعویٰ مسترد کرنے کا فیصلہ درست ہے، اس لیے اپیل کو خارج کیا جاتا ہے۔ ہائیکورٹ نے اپنے فیصلے میں یہ بھی کہا کہ ورثاء کو اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے جو عدم جواز کا دعویٰ کرنا ہے، اس کے لیے دیوانی عدالت کا رخ کرنا ہوگا۔ ہائیکورٹ کے فیصلے کے مطابق اس کیس میں دیوانی عدالت کا رخ کرنا ہوگا۔

**اطلاعات** **03**

دشمنی کی بنا پر قتل کیا گیا تھا۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزم کے خلاف ڈکیتی، مالی تشدد کا جرم ثابت ہوا ہے، اور کیس کی سماعت کے دوران ملزم کا بیٹا اور داماد فوت ہو چکے ہیں۔ درخواست میں عدالت سے اختیار استعمال کرتے ہوئے ملزم کی سزا کو معطل کرنے کی استدعا کی گئی ہے، اور انہوں نے کہا کہ ملزم کی عمر 70 برس ہے اور وہ ذیابیطس کے مریض ہیں۔ ان کے وکیل نے عدالت سے استدعا کی کہ ملزم کو ضمانت پر رہا کیا جائے۔ عدالت نے ملزم کی درخواست پر سماعت کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا ہے۔

**اطلاعات** **04**

اور عمومی مسائل کے حل کے لیے ایک مؤثر لائحہ عمل تیار کیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی ملیر عثمان بلوچ "پاکستان پیپلز زندہ باد" جلسے کے بعد کیا۔ جلسہ کے بعد ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی ملیر نے ضلع کی مختلف یونین کونسلوں کے چیئرمین اور وائس چیئرمین سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ضلع وسطی ملیر نے کہا کہ اس جلسے میں پورے ضلع کی یونین کونسلوں کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کی شرکت ہوئی ہے، جس سے ضلع کی سطح پر ایک مؤثر لائحہ عمل تیار کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کی یونین کونسلوں کے چیئرمین اور وائس چیئرمین کی شرکت

## مظہر عباس نے کراچی پریس کلب میں صحافتی سفر کی یادیں تازہ کردیں

اہم قومی واقعات کی کوریج، صحافت کے چیلنجز اور اظہار کی آزادی پر بصیرت افروز گفتگو

اس نشست نے نوجوان صحافیوں کے لیے بھی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کا ذریعہ فراہم کیا

کراچی (اطلاعات رپورٹر) معروف صحافی مظہر عباس نے کراچی پریس کلب کے ارکان کے سامنے اپنے صحافتی سفر کی یادیں تازہ کرتے ہوئے صحافت میں پیش آنے والے چیلنجز، اظہار رائے کی آزادی اور صحافیوں کی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں پر روشنی ڈالی۔ ان کی دلچسپ اور بصیرت افروز گفتگو کو ارکان کراچی پریس کلب نے بہت پسند کیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

# اسٹریٹ کرمنلز، منشیات فروش اور گٹر کا مافیا کیخلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

## وزیر داخلہ سندھ

شاہ لطیف ٹاؤن میں خطرناک ڈکیت کا خاتمہ اور قتاد آباد میں گٹکا مافیا کے خلاف کامیاب کارروائی پولیس کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور موثر حکمت عملی کا واضح ثبوت ہے

میر پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر حکمت عملی اختیار کر کے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے، جس پر پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے: طارق حسن مجاہد

کراچی (اطلاعات رپورٹر) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے ضلع پولیس کی کامیاب کارروائیوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر، اسٹریٹ کرمنلز، منشیات فروشوں اور گٹکا مافیا کے خلاف زیر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

## آبائی مکان پر قبضے کی کوشش کا الزام، خاتون کی اہلی حکام سے جانی و مالی تحفظ کی اپیل

ایم 33 کی سماجی رکنیت کا خاتمہ اور قتاد آباد میں گٹکا مافیا کے خلاف کامیاب کارروائی پولیس کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور موثر حکمت عملی کا واضح ثبوت ہے

میر پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر حکمت عملی اختیار کر کے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے، جس پر پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے: طارق حسن مجاہد

کراچی (پ ر) شہزاد احسن کھاتون کو جانی و مالی تحفظ کے لیے اہلی حکام سے اپیل، آبائی مکان پر قبضے کی کوشش اور دھمکیوں کا الزام، اہلی کیلئے، احمد عدنان پلازہ، بلاک 11/A، ایکسٹینشن 33، کورٹ کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

## بلوچستان کی مخلوط میڈیا پالیسی پر پی پی ایس کے شدید تحفظات، فوری نظرثانی کا مطالبہ

کراچی (اطلاعات رپورٹر) سندھ آف پاکستان جنرل ایڈیٹرز پی پی ایس (ای) نے حکومت بلوچستان کی مخلوط میڈیا پالیسی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ پالیسی میں علاقائی نمائندگی کی خامیاں موجود ہیں، تنظیم نے فوری غور و ضرورت کی گئی تو پوری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

## پلاسٹک بیگز کا باریک میٹیریل اسمگل ہو کر ملک میں آتا ہے، سیپا کا انکشاف

ملک بھر میں ہر سال 60 ارب سے زائد پلاسٹک بیگز استعمال کیے جاتے ہیں

جو ماحول، انسانی صحت اور سمندری حیات کیلئے سنگین خطرہ بن چکے ہیں، عمران صابر

کراچی (اطلاعات رپورٹر) سندھ انوائرنمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (سیپا) نے انکشاف کیا ہے کہ ایک بار استعمال ہونے والے انتہائی باریک پلاسٹک بیگز کا مقامی سطح پر تیار کیا جانا ایک بڑا چیلنج ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

## لوکل بلاڈیز پورٹرز ایسوسی ایشن کے وفد کی ٹاؤن چیئرمین نذر کراچی محمد یوسف سے ملاقات

کراچی (اطلاعات رپورٹر) لوکل بلاڈیز پورٹرز ایسوسی ایشن کے صدر محمد یوسیدی قیادت میں صحافیوں کے ایک وفد نے نذر کراچی ٹاؤن کے چیئرمین محمد یوسف سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں میرے کے انتظامی سیکریٹری سید رضوان جلالی و دیگر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

# KDA آفیسرز کلب میں ممبران اور فیملیز کے اعزاز میں شاندار بفیٹ ڈنر

تقریب میں ممبران اور ان کے اہلی خانہ نے بھرپور شرکت کی اور خوشگوار ماحول میں عمدہ ضیافت سے لطف اندوز ہوئے: شرکا نے بے حد سراہا

عمران جعفری کی ہدایت پر صدر کمال احمد صدیقی، جنرل سیکریٹری فواد اور صدیقی اور کے ڈی اے آفیسرز کلب کی شبکی کمیٹی کے زیر اہتمام پروگرام کا انعقاد کیا گیا

کراچی (اطلاعات رپورٹر) نیا کے آفیسرز فیملی کلب (لیڈر ڈویژن) کے چیف پٹرن عمران جعفری کی ہدایت پر صدر کمال احمد صدیقی، جنرل سیکریٹری فواد اور صدیقی اور کے ڈی اے آفیسرز کلب کی شبکی کمیٹی کے زیر اہتمام 04 جولائی 2026 کو منعقد کیے گئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

ہوا بینڈ آفیسرز فیملی (لیڈر ڈویژن) کے چیف پٹرن عمران جعفری کی ہدایت پر صدر کمال احمد صدیقی، جنرل سیکریٹری فواد اور صدیقی اور KDA آفیسرز کلب کے زیر اہتمام شاندار بفیٹ ڈنر کا انعقاد کیا گیا

# پاکستان اس وقت مختلف داخلی و خارجی چیلنجز سے گزر رہا ہے: محمد جمیل احمد خان

آج کراچی کی عوام نے بھرپور شرکت کر کے فیصلہ دیا کہ اصولوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

کراچی کی عوام پاک افواج و فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے والہانہ محبت کرتے ہیں: ملکی رہنما

کراچی (اطلاعات رپورٹر) امتہ مسلم لیگی رہنما و پاکستان بچاؤ تحریک کے چیئرمین محمد جمیل احمد خان نے آج یہاں عوامی خدمات کے تحفظ، قومی یکجہتی کے فروغ، پاک افواج کے عملی اظہار، بلدیاتی انتخابات اور فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کے دین کے مطابق "پاکستان بچاؤ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

## کاغذات میں خیبر پختونخوا چٹا گھر پر، ربوں خرچ زمین پر چٹا گھر کا کوئی وجود نہیں: ارسلان خالد

سندھ کے غریب عوام پینے کے پانی کو ترس رہے ہیں، حکمران فرضی منصوبوں سے تجوریاں بھر رہے ہیں، جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی کراچی

قومی احتساب بیورو (نیب)، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور اعلیٰ عدلیہ سے اس غائب چٹا گھر معاملے پر فوری طور پر از خود نوٹس لینے کی اپیل

کراچی (اطلاعات رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کراچی کے جنرل سیکریٹری ارسلان خالد نے سندھ حکومت پر خیبر پختونخوا چٹا گھر منصوبے میں 90 ارب روپے کی مبینہ کرپشن کا سنگین الزام عائد کرتے ہوئے شدید احتجاج کیا ہے۔ سینیٹر کا کہنا ہے کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

ارسلان خالد نے انکشاف کیا کہ سندھ حکومت نے ایک ایسے چٹا گھر کی گھوٹالے کے نام پر 80 ارب روپے اڑا دیے ہیں جو حقیقت میں سرے سے موجود ہی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ غریب مویشی کاشتکار کی فی الحال مظلوم ہو کر غریب پر میں کوئی ریلیف نہیں ہے۔ سینیٹر کا کہنا ہے کہ سوال یہ ہے کہ جب چٹا گھر وجود ہی نہیں رکھتا تو یہ 80 ارب روپے کا خطیر پیسہ کہاں گیا؟ ارسلان خالد کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے عوام اس پیسے کو ترس رہے ہیں، اور یہ خطیر رقم سندھ کے بجٹ سے غائب کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملے کی فوری تحقیقات کی جائے اور ذمہ داران کا تعین کیا جائے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

## 5 جولائی آئین، جمہوریت اور عوامی مینڈیٹ پر حملے کی علامت ہے: فریال تالپور

پاکستان پیپلز پارٹی کی سیاست ہمیشہ عوامی مینڈیٹ، ووٹ کی طاقت اور جمہوری اقدار کے احترام پر مبنی رہی ہے

قومی اجتماع اور ترقی کا واحد راستہ آئین، مکالمہ اور جمہوری عمل ہے: صدر پیپلز پارٹی شہید بھٹو ٹاؤن

کراچی (اطلاعات رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی شہید بھٹو ٹاؤن کی مرکزی صدر فریال تالپور نے کہا ہے کہ 5 جولائی 1977 پاکستان کی تاریخ کے بدترین دنوں میں سے ایک ہے، جب آئین کے ساتھ کھلا مذاق کیا گیا اور جمہوری خواب روند دیے گئے اور لاکھوں عوام شہید

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

# پیٹرول کی قیمت میں 1 روپے کی کمی عوام کیساتھ شرمناک مذاق ہے

## منعم ظفر خان

حافظ نعیم الرحمٰن کی اپیل پر پیٹرولیم لیوی میں اضافے، مہنگائی کے خلاف تحریک جاری رہے گی، عوام جماعت اسلامی کا ساتھ دیں

نوجوان ڈاکٹرز کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی، تنخواہیں ادا نہ کی گئیں تو عباسی شہید اسپتال میں احتجاج کریں گے: جماعت اسلامی کراچی

کراچی (اطلاعات رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا ہے کہ حکومتی کمیٹی کا پیٹرول کی قیمت میں صرف ایک روپے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

کشمیر ڈویژن ممبر پریس کلب کے ایک وفد کے موقع محمد احمد کمالی، عاطف بلوچ، محمد جاوید افضال اور معین کمالی کا گروپ فوٹو

## ملی لیبر فیڈریشن کے تحت مزدوروں کے حقوق، تحفظ اور بہبود پر سیمینار کا انعقاد

مزدور رہنماؤں، سماجی کارکنوں، ماہرین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی

موجودہ معاشی حالات میں خواتین کا کردار انتہائی اہمیت اختیار کر چکا ہے: احمد ندیم اعوان

کراچی (اطلاعات رپورٹر) ملی لیبر فیڈریشن کے زیر اہتمام بیکلیل انسٹیٹیوٹ آف لیبر ایڈمنسٹریشن اینڈ لیڈنگ (NILAT) میں سماجی بیداری، خواتین کو بااختیار بنانے اور مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ایک اہم سیمینار منعقد کیا گیا۔ تقریب میں مزدور رہنماؤں، سماجی کارکنوں، ماہرین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ سیمینار سے مرکزی سیکرٹریٹ کراچی کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

# سندھ یونین آف جرنلسٹس کے تحت سالانہ فیملی پکنک پروگرام کا انعقاد

صحافی برادری اور اہلِ خانہ کی بھرپور شرکت، پکنک کے شرکا کے اعزاز میں صبح کے روایتی ناشتے اور بہترین لنچ کا اہتمام کیا گیا تھا

کراچی کے خوب صورت ساحل پر منعقدہ پکنک پارٹی کو لیس یوسے کے ممبران اور اہلِ خانہ نے بھرپور انجوائے کیا

کراچی (خصوصی رپورٹ) سندھ کے صحافیوں کی سرپرست تنظیم سندھ یونین آف جرنلسٹس کے زیر اہتمام کراچی کے خوبصورت ساحل پر سالانہ فیملی پکنک کے پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں پورٹرز کام فوٹیوں، فوٹو جرنلسٹس اور ان کے اہلِ خانہ نے بڑی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6

## پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کی جمہوریت پر شب خون مارنے کیخلاف سندھ بھر میں ریلیاں

ماضی میں مارشل لا مسلط کر کے پاکستان کو تجربہ گاہ بنایا گیا لیکن جمہوریت کے علاوہ کوئی نظام قبول نہیں: معترین

کراچی (اطلاعات رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کا جائے 5 جولائی 1977 کو کیا جمہوریت پر شب خون مارنے کے خلاف اقدام کے روز سندھ بھر میں ریلیاں نکال کر عوام سیاہ منایا گیا۔ اس سلسلے میں پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے صدر رضا راحموکو نے 5 جولائی 1977 کو مارشل لا کے آمرانہ اقدام کو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

# مقامی حکومتوں کی کارکردگی عوام تک پہنچانے میں میڈیا کا کردار انتہائی اہم ہے

## محمد یوسف

لوکل بلاڈیز پورٹرز ایسوسی ایشن کے صدر خورشید سید کی قیادت میں وفد نے نذر کراچی ٹاؤن چیئرمین محمد یوسف سے ملاقات کی

نذر کراچی ٹاؤن میں صفائی، ستھرائی، سڑکوں کی تعمیر و مرمت، نکاسی آب اور دیگر ترقیاتی منصوبوں پر مکمل پورٹ دی جاری ہے

کراچی (اطلاعات رپورٹر) لوکل بلاڈیز پورٹرز ایسوسی ایشن کے صدر خورشید سید کی قیادت میں صحافیوں کے ایک وفد نے نذر کراچی ٹاؤن کے چیئرمین محمد یوسف سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں میرے کے انتظامی سیکریٹری سید رضوان جلالی و دیگر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

# ضیاالحق نے سیاسی جماعتوں پر پابندی لگا کر جمہوریت کو نقصان پہنچایا

## نثار کھوڑو

جمہوریت اور آئین کے خالق شہید ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت ختم کر کے انہیں پھانسی دی گئی، لیکن ان کا نظریہ آج بھی زندہ ہے: امداد جونیجو

ضیاالحق اور مشرف ایک ہی سکے کے دو رخ تھے، سنی نے مارشل لا لگایا تو کوئی زیردستی صدر بن بیٹھا اور ریفرنڈم کے ذریعے عوام کو دھوکا دیا: خطاب

کراچی (اطلاعات رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے زیر اہتمام 5 جولائی یوم سیاہ کے سلسلے میں پیپلز پارٹی رہنماء کارکنان و ہمدردان خطاب کر رہے ہیں

## 5 جولائی یوم سیاہ پاکستانی جمہوریت کی تاریخ کا ایک المناک باب ہے، شہیدانِ خاندان

شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی جمہوریت کے لیے قربانیاں قوم ہمیشہ یاد رکھے گی

پاکستان پیپلز پارٹی ہر برس کی آمریت اور غیر جمہوری قوتوں کے خلاف جدوجہد جاری رکھے گی

کراچی (اطلاعات رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ایسٹ کی جانب سے کلفٹن میں اطلاعات اور رکن آر کے ہی بلاول پاس میٹنگ ہال میں 5 جولائی یوم سیاہ کے موقع پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ 5 جولائی 1977 پاکستان کی جمہوری تاریخ کا ایک سیاہ ترین دن ہے جب عوام کے منتخب نمائندوں کی حکومت کا خاتمہ کر کے آئین اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

## شری رام ناتھ سرامہاراج نے الزامات مسترد کردیے، غیر جانبدار تحقیقات کا مطالبہ

سندھ اسمبلی میں دیا بیان سے ہندو برادری کے ذہنی جذبات مجروح ہونے پر ہندو مالی کو ذمہ داری سے پولیس کانفرنس

کراچی (اطلاعات رپورٹر) گورنر سندھ کامران ٹیسوری کی ذات پر الزامات کے خلاف ہندو کے بیان سے نامزد ممبر ان کی ذات پر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

## 5 جولائی کو آئین اور عوامی مینڈیٹ کو شدید نقصان پہنچایا گیا، شیریں رحمان

شہید بھٹو کیخلاف کیا گیا فیصلہ آج تک اہل عوام کے حق رائے دہی اور جمہوری مستقبل پر حملہ تھا

قید عوام کے جمہوری وژن اور عوامی سیاست کو دبانے کی ہر کوشش ناکام ہوئی: سینیٹر رہنما پیپلز پارٹی

کراچی (اطلاعات رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیریں رحمان نے کہا ہے کہ 5 جولائی 1977 کی تاریخ کا وہ المناک باب ہے جس نے آئین، پارلیمان اور عوامی مینڈیٹ کو شدید نقصان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

## انٹرنیشنل میں کانفرنس کی کامیابی کیلئے صوبہ بھر میں ڈویژنل اجلاس طلب، علامہ راشد محمود سومرو

ان اجلاس میں تنظیمی کارکردگی آئندہ کے لائحہ عمل اور شہداء اور دیگر اہم تنظیمی امور کا تفصیلی جائزہ لیا جائیگا

پیپلز پارٹی انٹرنیشنل کانفرنس کی تیاریوں کیلئے صوبہ بھر میں ڈویژنل اجلاس طلب کیے جا رہے ہیں، جنرل سیکرٹری سید ہاشم

کراچی (اطلاعات رپورٹر) صوبہ خطاء اسلام (سے پی ٹی) اسلام کے جنرل سیکرٹری علامہ راشد محمود سومرو نے کہا ہے کہ ہم نے پی ٹی اسلام کے تمام عہدیداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے اپنے ڈویژن کے اجلاس 10 جولائی، جمعہ، آباد 11 جولائی، میرپور خاص 12 جولائی، ٹنڈو الہ یار 13 جولائی، لاڑکانہ 14 جولائی اور سکھر (ڈویژن کا اجلاس 15 جولائی 2026 کو منعقد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

## ایم کیو ایم برنس روڈ ٹاؤن شعبہ خواتین کا اہم اجلاس

کراچی (اطلاعات رپورٹر) برنس روڈ ٹاؤن آفس میں متحدہ قومی موومنٹ پاکستان برنس روڈ ٹاؤن کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

## شعائر اسلام کے تحفظ کی جدوجہد جاری رکھیں گے، راؤ عبدالرحمٰن

پی ٹی وی تھیٹر پر توہین آمیز مواد کے خلاف نارتھ کراچی میں احتجاج

الیکٹرانک میڈیا کے ضابطہ اخلاق پر مؤثر اقدامات میں مطالبہ کیا جائے

کراچی (اطلاعات رپورٹر) بعنوان علماء پاکستان رولز پلیٹ فارم کراچی ڈویژن (سینٹرل) کے زیر اہتمام مولانا محمد فیاض میو سوہدرا کے ریفرنس اجتماعی مظاہرہ کیا گیا، جس میں کارکنان، علماء کرام، ذمہ داران اور علاقہ کے سول سوسائٹی کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے توہین رسالت ﷺ کے تحفظ کے حق میں نعرے بلند کرتے ہوئے حقوق

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

## ذوالفقار شاہ کا یوم سیاہ پر پیغام، آمریت نے ملک کو دہائیوں پیچھے دھکیل دیا

کراچی (اطلاعات رپورٹر) سابق وزیر برائے کفالت، سیاحت و ثقافت سید ذوالفقار علی شاہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

## شدید گرمی میں ڈیلیوری رائیڈرز کیلئے ملک گیر ہیٹ ریلیف ٹیٹ ورک کا آغاز

مارے ڈیلیوری رائیڈرز ہمارے کلام کا بنیادی ستون ہیں اور ان کی حفاظت پر سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا: ممبر ملک

کراچی (اطلاعات رپورٹر) ممبر ملک گیر شہید گرمی کی لہر کے پیش نظر ان کی ڈیلیوری پلیٹ فارم ڈیلیوری رائیڈرز کے لیے ڈیجیٹل ہیٹ ریلیف ٹیٹ ورک کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ تقریب میں ممبر ملک گیر شہید نے کہا کہ ڈیلیوری رائیڈرز کو شدید موسمی حالات کے سامنے رکھتے ہوئے ان کے لیے کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں ہیٹ ریلیف ٹیٹس پر 2500 تھیلے آرام گاہوں پر تقسیم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

مرکزی جمعیت اہل حدیث کراچی زون اے کی مختلف کمیٹیوں کے ارکان کا اہم جنرل ورکرز اجلاس میں مقررین خطاب کر رہے ہیں